YOUR HOME | YOUR FUTURE

NIAGARA CANADA

سکونت اختیار کریں

نیاگرا میں

welcomeniagaracanada.com

یہاں رہیں

نیاگرا کینیڈا **میں خوش آمدید**، ایک خیرمقدمی اور خاندان پر مبنی کمیونٹی، رہنے، کام کرنے اور تعلیم حاصل کرنے کی بہترین ترین جگہ۔



نیاگرا کینیڈا میں غیر منقولہ
جائیداد کی خرید و فروخت کے

بہترین مقامات

میں سے ایک ہے

$388,500

گھر دوبارہ فروخت کی
اوسط قیمت
MLS $CDN 2017

کینیڈا کے بڑے شہروں میں
سب سے کم ٹریفک کی بھیڑ
بھاڑ والا شہر

ٹاپ 10

کینیڈا کے میٹروپولیٹن
علاقوں میں **کم ترین**
جرائم کی شرح

قدرتی زمینی حسن
دریافت کرنے اور لطف اندوز
ہونے کے لئے

- نیاگرا ڈھلوان
- جھیل ایری
- جھیل اونٹاریو

فعال طرز زندگی
سے لیس

- 40 گلف کورسز
- +30 اکھاڑے
- +300 کلومیٹر کی
سائیکل کی ٹریلز

ٹورنٹو اور باقی دنیا کے لئے
آسان رسائی

- ٹورنٹو سے سمر گو ٹرین
سروس
- روزانہ گو ٹرین سروس
2021 پر پہنچتی ہے
- 7 ایئرپورٹس 1 گھنٹہ کے اندر

سرگرمیاں اور دلکش مقامات
اس عالمی سیاحتی مرکز

- نیاگرا آبشار
- دی شا فیسٹیول
- کیسینوز اور لائیو انٹرٹینمنٹ
وینیوز
- فیسٹیولز اور ایونٹس
- عالمی معیار کا کھانا

A+ **تعلیمی اختیارات** اور بین الاقوامی طلباء
کے پروگرامز

- **137** ایلیمنٹری اسکول
- **26** ثانوی اسکول
- **11** آزادانہ اسکول
- نیاگرا کالج
- بروک یونیورسٹی

نیگرا وائن روٹ

+96 وائنریز

کرافٹ بیئر انقلاب

+13 مقامی بریویریز
اور بڑھتی ہوئی

بونس

نیاگرا کا منفرد جغرافیہ ایسی مائیکرو
آب و ہوا پیدا کرتا ہے جو کینیڈا میں
بہترین موسم کا موجب بنتا ہے!

NIAGARA CANADA

زیادہ تر لوگ نہایت آسانی سے نقشہ پر دنیا کی مشہور نیاگرا آبشار کو تلاش کر سکتے ہیں، لیکن ہمیں تلاش کرنے کا یہ کوئی واحد طریقہ نہیں ہے۔ **نیاگرا کینیڈا مثالی طور** پر ٹورنٹو اور امریکی سرحد کے درمیان جنوبی اونٹاریو کے گولڈن ہارس شو کے اندر واقع ہے۔

یہاں رہنا

یہاں رہنا:

محل وقوع



نیاگرا کینیڈا محض نیاگرا نیاگرا آبشار نہیں ہے – یہ بہت سے کمیونٹیوں سے مل کر بنا ایک خطہ ہے، جس میں درمیانے درجے کے شہر، چھوٹے قصبے اور گاؤں شامل ہیں۔

- نیاگرا میں 12 مقامی میونسپیلیٹیز میں درج ذیل شامل ہیں فورٹ ایری، پیلہیم، گرمسبائی، لنکولن، نیاگرا آبشار، نیاگرا آن دی لیک، پورٹ کولبورن، سینٹ کیتھرائنز، تھورولڈ، وین فلیٹ، ویلیڈ اور ویسٹ لنکولن
- یہ خطہ 449,098 کی مجموعی آبادی کے ساتھ 1,852 مربع کلومیٹر کا احاطہ کرتا ہے
- اس علاقے میں تین شہری مراکز ہیں، سینٹ کیتھیرین، نیاگرا فالز اور ویلینڈ
- زمینی قدرتی حسن کی خصوصیت میں جھیل اونٹاریو، جھیل ایری اور نیاگرا ڈھلوان شامل ہیں

- یہ علاقے 30 منٹ کی ڈرائیو کے اندر تقریباً 2 ملین افراد کے بڑھتے ہوئے علاقہ کا حصہ ہے
- نیاگرا، ٹورنٹو، جو کینیڈا کا سب سے بڑا شہر ہے، سے کار یا ٹرانزٹ کے ذریعے تقریباً 120 کلومیٹر دور ہے۔ ایک خوبصورت ڈرائیو پر جائیں یا نیاگرا موسمی گو ٹرین سروس میں بیٹھ جائیں اور آرام کریں جو 2021 پر ٹورنٹو سے پہنچنے والی روزانہ کی سروس ہے
- وہاں سے امریکہ کے اندر 5 بین الاقوامی بارڈر کراسنگز موجود ہیں اس کے ساتھ ایک گھنٹے کی ڈرائیو کے اندر 7 ایئرپورٹس موجود ہیں جو نیاگرا کینیڈا سے دنیا بھر میں کہیں بھی نہایت آسان رسائی فراہم کرتے ہیں۔

NIAGARA CANADA

یہاں رہنا:
اپنی زندگی بنائیں

رہنے کے لئے ایک جگہ تلاش کریں

پہلا کام جو آپ کو نیاگرا کینیڈا پہنچنے کے بعد کرنے کی ضرورت ہو گی، وہ رہنے کے لئے ایک جگہ کی تلاش ہے۔ ہاؤسنگ تلاش کبھی کبھار مشکل کام ہو سکتا ہے، لیکن نیاگرا مسابقتی قیمتوں کے ساتھ بہت سے ہاؤسنگ اختیارات کا حامل ہے جو سہولیات، کمیونٹی خدمات اور ہاؤسنگ امداد کی تلاش کے مقامات کے قریب ہیں۔ چاہے آپ شہر میں یا محض شہر سے باہر رہنا چاہتے ہیں، ایک گھر یا اپارٹمنٹ میں، آپ کے لئے بہت سے اختیارات موجود ہیں۔

ملازمت کے مواقع

ایک ایسی ملازمت تلاش کرنے کے لئے نیاگرا کینیڈا ایک بہترین جگہ ہے جس پر اکثر اتنی اجرت کی ادائیگی کی جاتی ہے جو آرام دہ اور پرسکون طور پر رہنے کے لئے کافی ہو۔ نیاگرا کے اہم آجر عام طور پر ملازمت دیتے ہیں، اور اگر آپ ایک نوکری کی تلاش کر رہے ہیں تو وہاں بہت سی جگہیں ہیں جہاں کمپنیاں ملازمت کی تفصیلات اور تقاضے شائع کرتی ہیں جو کثیر صنعتوں اور مختلف قسموں کی ملازمت میں دستیاب ہوتی ہیں۔

اپنا کاروبار شروع کریں

نیاگرا میں کاروبار شروع کرنا اور مالک بننا آسان ہے۔ کتنا آسان ہے؟ نیاگرا کینیڈا کی درجہ بندی مجموعی طور پر کاروبار کے لئے اونٹاریو کے دوسرے لاگت کے لحاظ سے مسابقتی ترین مرکز کے طور پر درجہ بندی کی گئی تھی — اور یہ تعلیم کے معاملے میں تمام 76 امریکی عمل داریوں سے زیادہ مسابقتی ہے۔ انٹرپرینوئرز یہ پائیں گے کہ نیاگرا کی متعدد کاروباری معاونت تنظیموں کی مدد کے ساتھ اپنا کاروبار شروع کرنے کے لئے بہت سارا تعاون موجود ہے۔

نگہداشت صحت اور تحفظ

اونٹاریو میں بنیادی طبی خدمات کی ادائیگی اونٹاریو ہیلتھ انشورنس پلان (OHIP) کی جانب سے کی جاتی ہے۔ نیاگرا میں نگہداشت صحت نیاگرا ہیلتھ کی طرف سے فراہم کی جاتی ہے، ایک سرکاری فنڈ کردہ نظام جس میں چھ ہسپتال اور بہت سے دیگر طبی سہولیات شامل ہیں۔

نیاگرا علاقائی پولیس سروس نیاگرا کے رہائشیوں اور ملاقاتیوں/آنے والوں کو محفوظ رکھنے کے لئے مصروف عمل رہتی ہے۔ کینیڈا کے میٹروپولیٹن علاقوں میں کم ترین جرائم کی شرح کے لئے نیاگرا کینیڈا ٹاپ 10 میں ہے۔

یہاں رہنا:
تعلیم

خدمات اطفال

نوزائیدہ بچوں اور اسکول جانے سے پہلے کے نوعمر بچوں کے والدین باآسانی بچے کی نگہداشت کی خدمات تلاش کر سکتے ہیں، جو انہیں اس بات کے ذہنی سکون کے ساتھ کام کرنے کی اجازت دیتی ہیں کہ ان کے بچوں کی اچھی طرح سے دیکھ بھال کی جائے گی۔ آپ بھی EarlyON مراکز تلاش کر سکتے ہیں، جو بچوں کے ساتھ آئے والدین اور نگہداشت کے لئے خیرمقدمی جگہیں ہیں کہ وہ دوسرے خاندانوں اور پیشہ ماہرین سے مل سکیں۔ مونٹیسوری اسکول اور لائسنس یافتہ ڈے کیئر سینٹرز آپ کے نوعمر بچوں کو بہترین تعلیم اور دیکھ بھال فراہم کرنے کے لئے اضافی متبادل ہیں۔

بنیادی اور ثانوی تعلیم

اونٹاریو میں موجود تمام بچوں سے 18 سال کی عمر ہونے تک اسکول میں داخل ہونے کا تقاضا کیا جاتا ہے یا جب تک کہ وہ ایک ثانوی اسکول سے فارغ التحصیل نہ ہو جائیں۔ 18 سال سے ک معمر کے بچوں کے لئے، چار اچھی طرح قائم شدہ اور نہایت معروف سرکاری اسکول سسٹمز (مفت) موجود ہیں اور ساتھ ساتھ بہت سے خودمختار نجی اسکول بھی موجود ہیں، جو نیاگرا میں طلباء کو اعلٰی معیار کی بنیادی اور ثانوی تعلیم فراہم کرتے ہیں۔

بعد از ثانوی تعلیم

ہائی اسکول کے بعد، طلباء یا تو بروک یونیورسٹی یا نیاگرا کالج، جو دونوں نہایت مستحکم تعلیمی پروگرامز، جدید ترین تحقیق اور عالمی-معیار کی سہولیات فراہم کرتے ہیں، میں اپنی بعد از ثانوی تعلیم مکمل کرنے کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔ وہاں قریب ہی 15 سے زائد دیگر کالج اور یونیورسٹیاں بھی موجود ہیں۔

* برائے مہربانی نوٹ فرمائیں، اگر آپ پہلے سے ہی کینیڈا کے رہائشی نہیں ہیں، اور آپ چھ ماہ سے زیادہ کی مدت کے لئے نیاگرا میں پڑھنے کا منصوبہ بناتے ہیں، آپ کو اپنی آمد سے قبل ایک مطالعہ کا اجازت نامہ درکار ہو گا۔

بین الاقوامی طلباء

بہت سے عوامی اور نجی ثانوی اور بعد از ثانوی تعلیمی ادارے کینیڈا میں آپ کی زندگی میں تبدیلی میں مدد کے لئے وسیع ترین معاونتی خدمات کے ساتھ، بین الاقوامی طلباء کو پروگراموں کے وسیع سلسلہ کی پیشکش کرتے ہیں۔ ان خدمات میں شامل ہو سکتے ہیں:

- انگریزی زبان کے پروگرام
- آمد کی خدمات اور بین الاقوامی طلباء کے لیے واقفیتی پروگرام
- صحت کا بیمہ
- کلبز اور ثقافتی سرگرمیاں
- وسیع پیمانے پر معاونت

درخواست دینے کے بارے میں مزید معلومات کے لئے ہر ادارے سے رابطہ کریں۔

NIAGARA CANADA

یہاں رہنا:
کرنے کے کام

نیاگرا کینیڈا میں لامحدود تفریح ہے۔ مقامی باشندوں کو حیرت انگیز اور شاندار آبشار اور وائن کنٹری کے مرکز سے ایک مختصر سی ڈرائیو کے فاصلے پر رہنے کا فائدہ بھی حاصل ہے۔ آپ کو عالمی سطح کے پرکشش مقامات تلاش کرنے کے لئے گھر چھوڑ کر جانے کی ضرورت نہیں ہے جنہیں وہاں بہت سے سیاح دیکھنے کے لئے آتے ہیں۔

نیاگرا کینیڈا میں رہنے کا مطلب ہے کہ نیاگرا کی بہت سی وائنریز میں سے ایک پر، مقامی پنیر کو ملا کر تیار کی گئی نئی پسندیدہ وائن سے لطف اندوز ہونا، عالمی سطح کی تھیٹر اداکاری میں ناظرین کے طور پر بیٹھنا نیاگرا دریا کے دلکش منظر کے ساتھ گولف کھیلنا، یا اعلٰی درجے کے درجہ بندی کے حامل سپا میں آرام کرنا۔ اس کا مطلب کہ آبشار کی آواز سے مرعوب ہونا، قدرتی عجائب سے متحیر ہونا جو نیاگرا ڈھلوان ہے، ایک یونیسکو ورلڈ بائیوسفیئر ریزرو، یا دنیا کی خوبصورت ترین اتوار کے دن کی ڈرائیور کے لئے نیاگرا پارک وے پر جانا۔

موسم سے کوئی فرق نہیں پڑتا، نیاگرا کینیڈا کے کیلنڈر میں ہمیشہ کچھ موجود ہوتا ہے۔ آپ کا اس علاقے میں بہت سارے دھوپ والے کے دن اور اچھے معیار کی ہوا سے لطف اندوز ہونا یقینی ہے۔ ہر مہینہ کثیر کمیونٹی پر مبنی ایونٹس اور تہوار لاتا ہے۔

دنیا کے مقبول ترین مقامات میں سے ایک پر رہنے کی، بڑی سے چھوٹی تک خوشیاں منانے سینکڑوں وجوہات موجود ہیں۔

یہاں رہنا:
تفریح اور بیرون خانہ

نیاگرا کینیڈا کا منفرد جغرافیہ ایسی آب و ہوا تخلیق کرتا ہے جو چار منفرد موسم لاتا ہے، اور ہر ایک تفریح اور بیرون خانہ سے لطف اندوز ہونے کے لئے تازہ ہوا کا جھونکا لاتا ہے۔

موسم بہار، موسم گرما اور موسم خزاں، اس علاقے کی 300 کلومیٹر بائیک ٹریلز، 48 گالف کورسز، 39 قدرتی تحفظ کے علاقے، اور جھیل ایری اور جھیل اونٹاریو میں بہت سے ساحلوں اور پانی کے پانیوں سے لطف اندوز ہونے کا بہترین وقت اور موقع ہیں۔ یہ بروس ٹریل، کینیڈا کے طویل ترین پیدل راستے پر ہائیک کرنے، اور نیاگرا ڈھلوان کے قدرتی شاندار حسن کو دریافت کرنے کا وقت بھی ہے۔ سردیوں میں، ہمارے قومی کھیل، آئس ہاکی کو آزمائیں، یا خطے میں تیس سے زیادہ میدانوں میں سے ایک میں اسکیٹ سیکھیں۔

سال کے کسی بھی وقت آپ کو نہایت شاندار تفریحی سہولیات بخوبی ملیں گی – عوامی سوئمنگ پولز سے کھیلوں کی سہولیات اور کمیونٹی مراکز تک۔

NIAGARA CANADA

ایک نئے گھر کا انتخاب کرنا، وہاں منتقل ہونا، اور ملازمت ڈھونڈنا مشکل کام ہو سکتا ہے۔ نیاگرا کینیڈا **میں آپ کے** اس تجربے کو ممکن حد تک آسان بنانے میں مدد کرنے کے لئے وافر طور پر مدد موجود ہے۔ پورے عمل، بشمول سکونت اختیار کرنے، گھر تلاش کرنے، ملازمت تلاش کرنے، حکومت اور کمیونٹی کی خدمات تک رسائی حاصل کرنے کے دوران معاونت دستیاب ہے۔

یہاں سکونت اختیار کریں



یہاں سکونت اختیار کریں:
آپ کے پہنچنے سے پہلے

نیاگرا کینیڈا میں زندگی کے لئے تیاری کرنے میں آپ کی مدد کرنے کے لئے حکومت کینیڈا بہت سی مفت قبل از آمد خدمات کے لئے آن لائن یا انفرادی طور پر فنڈز فراہم کرتی ہے۔ کینیڈا کی حکومت کی ویب سائٹ بھی ایسی جگہ ہے جس پر تازہ معلومات کے لئے جا سکتے ہیں کہ آپ کو کن دستاویزات کی ضرورت ہے۔

آپ کے مستقل رہائشی کاغذات موصول ہونے کے بعد اور اگر آپ اب بھی نیاگرا کینیڈا سے باہر رہ رہے ہیں، تو قبل از آمد خدمات آپ کی مدد کر سکتی ہیں:

- کینیڈا میں زندگی کو سمجھنے میں
- کینیڈا میں ایک ملازمت تلاش کرنے، لیبر مارکیٹ اور معلومات تک رسائی حاصل کرنے میں
- کینیڈین معاشرہ میں اپنی جگہ بنانے کے لئے زبان اور دیگر مہارتوں کے بارے میں سیکھنے میں
- آپ کے پہنچنے کے بعد دستیاب مفت آباد کاری کی خدمات کے بارے میں معلومات حاصل کرنے میں

آپ بنا کسی فیس کے اتنی خدمات کے لئے رجسٹر کر سکتے ہیں جتنوں کی آپ کو ضرورت ہے۔
خدمات جو مددگار ہو سکتی ہیں، میں شامل ہیں:

رسائی - کینیڈین ایمپلائمنٹ کنکشنز آن لائن خدمات فراہم کرتا ہے تاکہ بین الاقوامی طور پر تعلیم یافتہ نئے آنے والوں کو انجینئرنگ، مالیاتی خدمات، انسانی وسائل، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور سیلز اور مارکیٹنگ میں ملازمتیں تلاش کرنے میں مدد کی جا سکے۔

بیلڈ اون اونٹاریو میں ہنرمند ٹریڈز میں کام کرنے کے لئے نئے تارکین وطن کو تیار ہونے میں مدد کرتا ہے۔

کینیڈین اپرینٹس شپ فورم نئے آنے والوں کو اپرنٹس شپس کی تیاری اور ماہرانہ ٹریڈ پیشوں میں کام تلاش کرنے میں مدد کے لئے آن لائن خدمات فراہم کرتا ہے۔

کینیڈا کے لئے منصوبہ بندی معاشی کلاس اور خاندانی کلاس تارکین وطنوں کے لئے شخصی اور آن لائن خدمات اور قبل از آمد اورئنٹیشن سیشنز فراہم کرتی ہے۔

PrepCan اقتصادی تارکینوطن، ان کے شوہر/بیوی اور بالغ منحصرین کو، لیبر مارکیٹ پر معلومات، اور آپ کی اپنے سی وی، انٹرویو کی مہارتوں اور ملازمت کی تلاش میں مدد کے ساتھ، آن لائن قبل از آمد ملازمت کی خدمات فراہم کرتا ہے۔

قبل از آمد فوڈ سیفٹی مینجمنٹ ٹریننگ پروگرام آن لائن خدمات فراہم کرتا ہے تاکہ پیشہ ور ماہر افراد کو کھانے اور مشروبات کی صنعت میں کام کرنے کے لئے ضروری وسائل کے ساتھ مدد دے سکیں۔

Settlement.org قبل از آمد ویبینار، وسائل اور ذاتی نوعیت کا آباد کاری منصوبہ فراہم کرتی ہے تاکہ کینیڈا میں آپ کی منتقلی کے لئے تیاری شروع کرنے میں آپ کی مدد کی جا سکے۔

قبل از آباد کاری خدمات کی مکمل فہرست تلاش کرنے کے لئے حکومت کینیڈا کی ویب سائٹ ملاحظہ فرمائیں۔

NIAGARA CANADA

یہاں سکونت اختیار کریں:

سکونت اختیار کرنا

نیاگرا کینیڈا میں آپ کے پہلے کچھ دن بہت مصروف ہوں گے۔ تمام پروگراموں کے لئے رجسٹر کرنے اور دستاویزات تیار کرنے، جن کی آپ کو ضرورت ہو گی، کے لئے وقت نکالنا ضروری ہے۔ اپنے پہلے دنوں میں، آپ کو چاہئیے:

- ☐ آپ کو کیا کرنے کی ضرورت ہے، دستیاب خدمات کی تلاش اور کمیونٹی سے جڑنے کے لیے آبادکاری فراہم کنندہ سے ملاقات کریں
- ☐ رہنے کے لئے ایک جگہ تلاش کریں
- ☐ ایک سوشل انشورنس نمبر کے لئے درخواست دیں
- ☐ اپنی ملازمت کی تلاش شروع کرنے کے لئے ایک ملازمت کونسلر سے ملیں
- ☐ ایک ہیلتھ کارڈ کے لئے درخواست دیں
- ☐ شہر کی سڑکوں اور سائیکل کے راستوں کا نقشہ حاصل کریں
- ☐ ایک بینک اکاؤنٹ کھولیں
- ☐ ایک فیملی ڈاکٹر تلاش کریں
- ☐ ایک انگریزی زبان کا کورس لینے پر غور کریں
- ☐ اپنے بچے کو اسکول کے لئے رجسٹر کریں
- ☐ خدمات اطفال: بچے کی دیکھ بھال کی خدمات تلاش کریں
- ☐ اپنے گھر کے قریب ایک عوامی لائبریری تلاش کریں
- ☐ ایک اونٹاریو کے ڈرائیونگ لائسنس کے لئے درخواست دیں
- ☐ نسلی-ثقافتی اور عقیدہ گروپوں میں شمولیت اختیار کریں
- ☐ اپنے حقوق کے بارے میں معلومات حاصل کریں
- ☐ خود کو کینیڈین قوانین اور انکم ٹیکس قوانین کے تقاضوں سے شناسا کر لی نواقفیت حاصل کریں

یہاں سکونت اختیار کریں:

آباد ہونا

نیاگرا کینیڈا میں نئے آنے والے وہاں کئی ایجنسیاں پائیں گے جو آباد کاری کی خدمات مہیا کرتی ہیں اور تنظیمیں جو آپ کو کمیونٹی میں لوگوں سے رابطہ قائم کرنے میں مدد دیں گی۔

معلومات اور معاونت کے لئے ایک تصفیہ کارکن آپ کا پہلا رابطہ ہے۔ سیٹلمنٹ ورکر آپ کی مدد کر سکتے ہیں:

- ادھر ادھر جانے اور اپنی نئی کمیونٹی کے بارے میں جاننے میں
- تازہ ترین معلومات اور وسائل فراہم کرنے میں
- آجروں، املاک کے مالک، سماجی اور سرکاری خدمات، قانونی خدمات اور مزید کے ساتھ رابطہ کرنے میں معاونت
- فارم بھرنے میں آپ کی مدد
- آپ کو مدد فراہم کرنے اور آپ کی خصوصی خدمات سے آپ کا رابطہ کروانے میں تاکہ ذاتی مسائل یا تنقیدی صورتحال میں مدد کی جا سکے
- ملازمت، صحت، تعلیم اور قانونی معاملات سے متعلق محدود دستاویزات کا ترجمہ کرنے میں جو فوری آباد کاری کے لئے ضروری ہوں
- کسی مترجم سے آپ کا رابطہ کرانے میں

یقینی طور پر نہیں جانتے کہ کہاں سے شروع کریں؟ اپنے فون پر 211 ڈائل کریں۔ اونٹاریو میں کمیونٹی، سماجی اور صحت کی خدمات تلاش کرنے کے لئے، 211 ایک انعام یافتہ معلومات اور حوالہ جاتی ہیلپ لائن اور آن لائن ڈائریکٹری ہے۔ انتہائی تربیت یافتہ کمیونٹی سروس نیویگیٹرز 211 ہیلپ لائن پر جواب دیتے ہیں۔

نیاگرا کینیڈا بھر میں مختلف مقامات پر خدمات انگریزی اور فرانسیسی، دونوں زبانوں میں دستیاب ہیں۔ کثیر السانی بحالی کے عملہ کے ذریعے بہت سی دیگر زبانیں بھی دستیاب ہیں۔

NIAGARA CANADA

یہاں سکونت اختیار کریں:

عام مفروضات

مفروضہ: جب میں کینیڈین سے شادی کرتا/تی ہوں تو میں کینیڈین شہری بن جاتا/تی ہوں

کینیڈین شہری سے شادی کرنا آپ کو خود کار طور پر کینیڈین شہریت فراہم نہیں کرتا ہے۔ اگر آپ کینیڈین شہری بننا چاہتے ہیں، تو آپ لازماً مطلوبہ مراحل پر عمل کریں۔

مفروضہ: کینیڈا آنے کے لئے آپ کے پاس ایک ملازمت کی کی پیشکش ہونی ضروری ہے

ملازمت ایک طریقہ ہے، لیکن کینیڈا میں ہجرت کرنے کے دوسرے طریقے بھی موجود ہیں۔
آپ ایک وزیٹر، ایک سرمایہ کار، ایک طالب علم، عارضی کارکن، یا ایک مستقل رہائشی کے طور پر آنے کیلئے درخواست دے سکتے ہیں۔

مفروضہ: آپ کا امیگریشن پروگرام پابندی لگاتا ہے کہ آپ کینیڈا میں کہاں رہ سکتے ہیں

جب آپ کینیڈا کے مستقل رہائشی ہوں، تو آپ ملک میں کہیں بھی رہنے اور کام کرنے کے لئے آزاد ہیں۔

مفروضہ: کینیڈا امیگریشن کے لئے درخواست دینے کے لئے آپ کو ایک نمائندہ کی ضرورت ہے

کینیڈا امیگریشن کے لئے درخواست دینے کے لئے آپ کو ایک نمائندہ کی ضرورت نہیں ہے۔ بہت سے درخواست دہندگان ایک ماہر کے ساتھ کام کرنے کا انتخاب کرتے ہیں جو ان کی فائل کا جائزہ لے سکتا ہو اور یقینی بنائے ہیں کہ یہ مکمل ہے اور اس کے قبول کیے جانے کا بہترین امکان ہے۔ کینیڈا میں، آپ کے علاوہ، صرف وہ لوگ جو کینیڈین امیگریشن کے لئے آپ کی فائل کی نمائندگی کرنے کے مجاز ہیں، ان میں شامل ہیں:

- مستند وکلاء جو اپنی صوبائی بار ایسوسی ایشن کے ساتھ اچھی ساکھ کے حامل ہیں، اور
- کنسلٹنٹس جو امیگریشن کنسلٹنٹس آف کینیڈا ریگولیٹری کونسل (ICCRC) کے کے ساتھ رجسٹر شدہ ہیں۔

یہاں سکونت اختیار کریں:

عمومی سوالات

میں نیاگرا، کینیڈا میں نقل مکانی کرنے کے لئے کیسے درخواست دے سکتا ہوں؟

امیگریشن، پناہ گزین اور شہریت کینیڈا (IRCC) امیگریشن پالیسی کا تعین کرتا ہے اور فیصلے کرتا ہے کہ کون کینیڈا میں داخل ہو سکتا ہے۔ کینیڈا میں مطالعہ، کام یا نقل مکانی کرنے کی درخواست دینے کے لئے IRCC کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں، شہریت، مستقل رہائشی کارڈ یا پناہ گزین تحفظ کے لئے درخواست دیں۔

کینیڈا کی شہریت کے لئے زبان کے تقاضے کیا ہیں؟

کینیڈا کی 2 سرکاری زبانیں ہیں: انگریزی اور فرانسیسی۔ آپ کے لئے کسی بھی ایک زبان میں مہارتوں کا ثبوت پیش کرنے کی ضرورت ہے۔

ایکسپریس انٹری کیا ہے؟

ایکسپریس انٹری (EE) ایک آن لائن امیگریشن کی درخواست کا نظام ہے۔ یہ لوگوں کو ایک پروفائل جمع کرانے اور ایک قابل ماہر تارکین وطن کے طور پر زیرغور لائے جانے کی اجازت دیتا ہے۔ اعلٰی ترین درجہ بندیوں کے حامل امیداروں کو مستقل رہائش کے سلسلہ میں درخواست دینے کے لئے مدعو کیا جاتا ہے۔

قبل از آمد خدمات کیا ہیں؟

قبل از آمد خدمات ان لوگوں کے لئے مفت آن لائن یا شخصی بذات-خود موجودگی کے پروگرامز ہیں جن کو کینیڈا میں سکونت اختیار کرنے کے لئے منظوری دی جا چکی ہے۔

مزید اکثر پوچھے گئے کثرت سے پوچھے جانیوالے سوالات کے جوابات کے لئے، WWW.SETTLEMENT.ORG ملاحظہ فرمائیں۔

NIAGARA CANADA

YOUR HOME | YOUR FUTURE

NIAGARA CANADA

مزید معلومات کے لئے، ملاحظہ فرمائیں

welcomeniagaracanada.com

Ontario

Niagara Region

مئی 2018